# بینک دولت پاکستان

## ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن

### تقرری برائے ایگزیکٹیو سیکریٹری (کنٹریکٹ پر)

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) کا قیام بینک دولت پاکستان کے ذیلی ادارے کی حیثیت سے 2001ء میں عمل میں آیا تھا۔ SBP BSC، بینک دولت پاکستان کے آپریشنل بازو کی حیثیت سے، ملک بھر میں قائم 16 مقامی دفاتر کے نیٹ ورک کے ذریعے کام کرتا ہے اور اس کا صدر دفتر کراچی میں واقع ہے۔ مزید تفصیلات کے لئے براہِ مہربانی ہماری ویب سائٹ www.sbp.org.pk/sbp_bsc ملاحظہ فرمائیں۔ SBP BSC کو ہیومن ریسورس کو مزید مستحکم کرنے کی خاطر باصلاحیت پاکستانی / آزاد کشمیر کی شہریت کے حامل مطلوبہ تعلیم و تجربہ کے معیار پر پورا اترنے والے امیدواروں سے ایگزیکٹیو سیکریٹری (کنٹریکٹ پر) کی اسامی کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔

### بنیادی ذمہ داریاں

- ☆ ایگزیکٹیو سیکریٹری کی تمام ذمہ داریاں بشمول کونفیڈنشل خط و کتابت کی پروف ریڈنگ اور ٹرانسکرائبنگ، معمول کے جوابات تیار کرنا، اپائنٹمنٹ شیڈول کرنا اور ایگزیکٹیو کے استعمال کیلئے ضروری کونفیڈنشل دستاویزات کو تیار کرنا اور ان کو برقرار رکھنا۔
- ☆ ایگزیکٹیو کیلئے اپائنٹمنٹ کیلنڈر تیار کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ اس میں آنے والی تبدیلیوں نیز وہ معاملات جو فوری توجہ طلب ہوں کے بارے میں ایگزیکٹیو کو آگاہ رکھنا۔
- ☆ ادارے کی پالیسیوں اور طریقۂ کار کے مطابق خودکار آفس سسٹم استعمال کرتے ہوئے خطوط، میمورینڈم اور رپورٹس تیار کرنا۔
- ☆ ایگزیکٹیو کو بھیجی گئی ڈاک کو کھولنا، جانچ پڑتال کرنا، معمول کی ڈاک کا آزادانہ طور پر جوابات دینا اور دیگر ضروری ڈاک کو بیک گراؤنڈ میٹریل کے ساتھ روانہ کرنا۔
- ☆ ملازمین، پبلک اسٹیک ہولڈرز، پریس، اور عوام الناس کی جانب سے ایگزیکٹیو کو بھیجی گئی شکایات کی جانچ پڑتال کرنا۔
- ☆ ایگزیکٹیو سے معمول کی انکوائریز کیلئے درست مواد اکٹھا کرنا۔
- ☆ انتظامی سپورٹ اسٹاف کی سرگرمیوں کو براہِ راست سپروائز کرنا اور دیکھ بھال کرنا۔
- ☆ ایگزیکٹیو کیلئے تمام فائلز کو منظم کرنا نیز میٹریل پر درست نشاندہی کا تعین اور ضرورت کے وقت دسترس میں آجانے کو یقینی بنانا۔
- ☆ ایگزیکٹیو کے تمام سفری انتظامات کی دیکھ بھال کرنا۔
- ☆ میٹنگ اور کانفرنس ٹیلیفون کالز کی پلاننگ اور تیاری میں مدد کرنا۔
- ☆ ایگزیکٹیو کے جائزے کیلئے آؤٹ اسٹینڈنگ کیسز کی پیشرفت کے بارے میں پیریوڈک اسٹیٹس بنانا۔
- ☆ ایگزیکٹیو کی جانب سے دیئے گئے کام سرانجام دینا۔

### اہلیت کا معیار

**تعلیمی قابلیت:** امیدواران HEC کی تسلیم شدہ جامعات سے کسی بھی شعبہ میں 14 سالہ تعلیم کے حامل ہوں۔ غیرملکی جامعات سے ڈگری حاصل کرنے کی صورت میں امیدواران کو ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کی جانب سے جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) انٹرویو کے وقت جمع کرانا ہوگا۔ سیکریٹریل سروسز / آفس مینجمنٹ یا ایڈمنسٹریٹو مہارت میں ڈپلومہ کے حامل امیدواران کو ترجیح دی جائے گی۔

**عمر:** SBP BSC کو درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ تک عمر کی حد زیادہ سے زیادہ 35 سال ہے۔

**تجربہ:** امیدواران تعلیمی قابلیت کی تکمیل کے بعد کسی بھی اچھی ساکھ کے حامل ادارے میں متعلقہ پوزیشن پر کام کا کم از کم تین (03) سالہ تجربہ رکھتے ہوں۔

### استعداد

- ☆ ایم ایس آفس استعمال کرنے کی صلاحیت۔
- ☆ عمدہ پریزنٹیشن اور زبانی و تحریری کمیونیکیشن کی صلاحیت۔

### انتخاب کا طریقہ کار

شارٹ لسٹ ہونے والے امیدواران کو بینک کے سلیکشن بورڈ کے سامنے انٹرویو کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ منتخب امیدواران کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر دو سال کی مدت کیلئے بھرتی کیا جائے گا جس میں مزید توسیع امیدوار کی کنٹریکٹ کی مدت کے دوران کارکردگی اور چال چلن کی بنیاد پر ہو سکتی ہے۔

### مراعات

منتخب امیدواران کو مارکیٹ کے مساوی تنخواہ و دیگر مراعات کی پیشکش کی جائے گی۔

### تعیناتی کا مقام

منتخب امیدواران کو SBP BSC کے صدر دفتر واقع کراچی یا ملک بھر میں قائم 16 مقامی دفاتر میں سے کسی بھی دفتر میں تعینات کیا جا سکتا ہے۔

### درخواست جمع کرانے کا طریقہ کار

اہل پاکستانی اور آزاد جموں و کشمیر کے باشندے جو کہ مندرجہ بالا معیارات پر پورا اترتے ہوں، مجوزہ درخواست فارم جو کہ بینک ویب سائٹ www.sbp.org.pk/sbp_bsc یا بینک کے ملک بھر میں موجود کسی بھی دفتر سے مفت حاصل کیے جا سکتے ہیں کو پُر کر کے اپنی CV کے ہمراہ درج ذیل بینک کے پتے پر ڈاک / کوریئر کے ذریعے اس اشتہار کے اشاعت کے پندرہ (15) روز کے اندر بھیج سکتے ہیں۔

سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر
ٹیلنٹ ریسورسنگ ڈویژن
شعبہ انتظامی امور برائے افرادی قوت
بینک دولت پاکستان
ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن، صدر دفتر
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی
UAN:111-727-111

ازراہِ کرم جس عہدے پر تقرر کے لئے درخواست دی جا رہی ہے اس کا نام لفافے پر ضرور لکھیے۔

صرف شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں سے رابطہ کیا جائے گا۔ خاتون امیدواروں کی درخواست جمع کرانے کیلئے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ نامکمل / تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ ذاتی حیثیت یا ای میل کے ذریعے جمع کرائی گئی درخواستوں پر کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ غلط معلومات دینے والے اور چناؤ کے طریقہ کار پر اثر انداز ہونے کی کوشش کرنے والے امیدوار کو بینک میں اس بھرتی اور مستقبل کی تمام بھرتیوں کے لیے قطعی نااہل تصور کیا جائے گا خواہ وہ اہلیت کے معیارات پر پورا اترتا ہو۔

PID(K)#3383/17